سوال نمبر 4351

منجانب: محترم عنایت اللہ صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر کھیل و سیاحت ارشاد فرمائیں گے کہ

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ دیر بالا اور دیر پائین میں سیاحتی مقامات کی گنجائش موجود ہے؟	جی ہاں۔ یہ درست ہے کہ دیر بالا اور دیر پائین میں سیاحتی مقامات کی گنجائش موجود ہے۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت صوبے کے اندر سیاحت کو فروغ دینا چاہتی ہے؟	جی ہاں۔ یہ بھی درست ہے کہ حکومت صوبے کے اندر سیاحت کو فروغ دینا چاہتی ہے۔
(ج)	اگر (ا)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت شاہی بن شاہی، لڑم ،زخنہ، دوبند ودرہ، جہاز بانڈہ اور کمراٹ کیلئے بطور سیاحتی مقامات کیا اقدامات کرنا چاہتی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت مرحلہ وار تجزیاتی (feasibility) رپورٹس مرتب کرنے کے بعد سیاحتی علاقوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی سمیت سیاحوں کیلئے پُرکشش اور آرام دہ بنانے کیلئے برسرِ پیکار ہے۔ جس میں ضلع دیر بالا اور دیر پائین کے مختلف سیاحتی مقامات بشمول شاہی بن شاہی، لڑم، زخنہ، دوبند ودرہ، جہاز بانڈہ اور کمراٹ کو سیاحوں کیلئے مزید آرام دہ اور پرکشش بنایا جائیگا۔